# اداریہ

تحقیق اور تنقید کسی بھی اعلیٰ تعلیمی ادارے کی فکری شناخت، علمی وقار اور تعلیمی معیار کی بنیادی اساس سمجھی جاتی ہیں۔ علم کی بقاء، ارتقا اور توسیع اسی صورت ممکن ہے جب تحقیق کو منظم، بامقصد اور بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ علمی و تنقیدی اصولوں کے مطابق فروغ دیا جائے۔ گل و برگ ریسرچ جرنل کا یہ پہلا شمارہ اسی علمی وژن کا عملی مظہر ہے۔ اس کا بنیادی مقصد خواتین پبلک کالج میں تحقیق کے کلچر کو مضبوط بنیادوں پر استوار کرنا اور علمی مکالمے کو فروغ دینا ہے۔

گل برگ کالج کی علمی روایت ایک مضبوط تاریخی پس منظر رکھتی ہے۔ کالج میگزین کی پہلی اشاعت ۲۰۰۲ء میں معروف سکالر ڈاکٹر عارفہ سیدہ زہرا کی زیرِ سرپرستی عمل میں آئی جس نے ادارے میں تحقیق، تحریر اور فکری اظہار کی روایت کو مستحکم کیا۔ گل و برگ ریسرچ جرنل کی موجودہ اشاعت اسی علمی و فکری روایت کی توسیع ہے۔ ڈاکٹر عارفہ سیدہ زہرا کی تحقیقی بصیرت، علمی روایت اور تعلیمی خدمات اس جرنل کے فکری ڈھانچے میں نمایاں طور پر منعکس ہوتی ہیں۔ یہ شمارہ اُن علمی اقدار کا تسلسل ہے جن کی بنیاد تحقیق، تنقید اور فکری دیانت پر استوار ہے۔

گل و برگ ریسرچ جرنل کے پہلے شمارے کی تیاری میں ادراتی ٹیم: ڈاکٹر صائمہ شمس، ڈاکٹر شائستہ حسن، ڈاکٹر عائشہ عظیم نے علمی سنجیدگی، پیشہ ورانہ ذمہ داری اور ادارہ جاتی معیار کو ملحوظِ خاطر رکھا ہے۔ اس شمارے میں شامل تحقیقی مضامین کو HEC کے قائم کردہ معیارات کے مطابق باقاعدہ Peer Review کے مرحلے سے گزارا گیا ہے، نیز تدوینی اصولوں کی مکمل پابندی کی گئی ہے۔ مجلس مشاورت اور مجلس ادارت کے معزز اراکین خراجِ تحسین کے مستحق ہیں جن کی علمی رہ نمائی اور تنقیدی بصیرت نے اس اشاعت کو وقار اور معیار عطا کیا۔

اس شمارے کی اشاعت میں تکنیکی معاونت بھی ایک اہم اور ناگزیر پہلو رہا۔ تکنیکی ٹیم، بالخصوص مس شہنیلہ، مس ردا،

اور گل و برگ ویب سائٹ کی ڈویلپمنٹ میں شریک ہماری کمپیوٹر سائنس کی طالبات: آمنہ رفیق بیگ، خدیجہ، لائبہ اسمٰعیل اور صائمہ تبسم کی پیشہ ورانہ مہارت اور تکنیکی استعداد قابلِ ستائش ہے۔ ان کی محنت کے باعث یہ جرنل ڈیجیٹل پلیٹ فارم پر بھی ایک مربوط، مستند اور معیاری شناخت حاصل کرنے میں کامیاب ہوا ہے۔

گل و برگ ریسرچ جرنل کا یہ پہلا شمارہ اس امر کی واضح دلیل ہے کہ گل برگ کالج نہ صرف تدریسی سرگرمیوں بلکہ تحقیق، علمی تخلیق اور فکری مباحث کے فروغ کے لیے بھی پُرعزم ہے۔ توقع ہے کہ یہ جرنل آئندہ شماروں میں بھی HEC کے معیارات کے مطابق تحقیق اور تنقید کو فروغ دیتا رہے گا اور بالخصوص خواتین محققین کے لیے ایک معتبر اور مستند علمی پلیٹ فارم کے طور پر اپنی شناخت مستحکم کرے گا۔

پروفیسر ڈاکٹر نگہت ناہید ظفر